# تشدد سے متعلق ایکٹ کے مطابق فوری درخواستوں کا طریقہ کار

- مقامی عدالت گروز گیراؤ Groß-Gerau
- مقامی عدالت روسلز ہائم Rüsselsheim

Herausgegeben vom Büro für Frauen und Chancengleichheit Groß-Gerau

Der Kreis Groß-Gerau

## قانون

### قانون برائے انسداد تشدد

تشدد کے خلاف تحفظ ایکٹ، کسی دوسرے شخص کے جسم ، صحت یا آزادی کو دانستہ اور غیر قانونی طور پر زخمی ہونے سے تحفظ دینے کے سول قانون کا طریقہ کار پیش کرتا ہے ، قطع نظر اس سے کہ یہ حرکتیں کسی گھریلو برادری کے دائرہ کار میں ہو یا اس سے باہر۔ نفسیاتی تشدد کو بھی تحفظ برائے تشدد کے ایکٹ کے تحت شامل کیا گیا ہے: واضح طور پر جب دھمکیوں اور غیر معقول طور پر ہراساں کرنےکا مسلہ ہوتا ہے ، بالواسطہ طور پر جب اس سے صحت کو نفسیاتی یا جسمانی نقصان پہنچا

## درخواستیں

### آپ کیا درخواستیں دائر کر سکتے ہیں؟

### مثال کے طور پر ، رابطہ کرنے اور قریب آنے پر پابندی

آپ درخواست کرسکتے ہیں کہ تشدد کرنے والے شخص پر ، جہاں آپ باقاعدگی سے آتے جاتے ہیں وہاں جانے یا آپ سے رابطہ کرنے پر پابندی عائد کردی جائے۔ یہ ٹیلیفون ، ایس ایم ایس ، فیکس اور ڈیجیٹل میڈیا پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

### یا اپارٹمنٹ کرایہ پر لینا

یا آپ درخواست دے سکتے ہیں کہ آپ اپارٹمنٹ میں اکیلے رہ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ، اپنے اپارٹمنٹ سے رابطہ کرنے اور قربت پر پابندی کے لئے درخواست دیں۔ اگر تشدد کرنے والا شخص بھی کرایے کے معاہدے میں شامل ہے تو جسمانی تشدد ہونے کے بعد آپ زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک اپارٹمنٹ اکیلے استعمال کر سکتے ہیں۔ اس سے آپ امن اور سلامتی کے ساتھ اپنے اگلے اقدامات کو واضح کرنے کا وقت مل جاتا ہے۔

## اخراجات

### عدالتی کاروائی کے لئےضروری اخراجات ہوسکتے ہیں۔

- قانون کے نفاذ کے لئے
- آپ کی قانونی نمائیندگی کے لئے (وکیل)
- تشدد کرنے والے شخص کی قانونی نمائیندگی کے لئے

## مشورہ

اگر آپ کے پاس رقم کی کمی ہے تو مشورہ اور / یا قانونی امداد کے حصول کا امکان ہے۔

:قانونی امداد کی درخواست کے لئے آپ کو درکار ہیں:

- آپ کی آمدنی کا ثبوت: کمائی کا سرٹیفکیٹ ، ALG II وغیرہ۔
- آپ کے اخراجات کا ثبوت: کرایہ ، انشورنس کے اخراجات ، کوئی قرض ، نان نفقہ کی ادائیگی وغیرہ۔

اگر آپ کی اپنی آمدنی نہیں ہے تو ، آپ کو اس کے بارے میں ایک بیان حلفی دینا ہوگا۔



Foto: AdobeStock©bluedesign

## مقامی عدالت

**آپ کہاں درخواستیں جمع کر سکتے ہیں؟**
**کون سی عدالت ذمہ داراہے؟**

Groß-Gerau کے لیے:
Amtsgericht
Familiengericht
Groß-Gerau

---

Europaring 11-13, 64521 Groß-Gerau
06152 170-02
سوموار سے جمعہ صبح 9 بجے تا 12 بجے

**Rüsselsheim کے لیے**
Amtsgericht
Familiengericht
Rüsselsheim

---

Johann-Sebastian-Bach-Straße 45, 65428 Rüsselsheim
06142 -203-199
سوموارسے جمعہ صبح 8:30 تا 12 بجے

آپ اس ضلع کی اپنی پسند کی عدالت میں درخواست جمع کروا سکتے ہیں جہاں:

- جرم کا ارتکاب کیا گیا ،
- کارروائی کے لئے فریقین کا مشترکہ گھر یا
- مدعا علیہ (مرد یاعورت) کی رہائش کی جگہ

## دستاویزات

**آپ اپنی درخواستیں کیسے جمع کرواتے ہیں؟**

آپ بذات خود تحفظ برخلاف تشدد ایکٹ کے تحت درخواستیں پیش کرسکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ کو قانونی نمائندگی کی ضرورت نہیں ہے ، لیکن ان کی مشاورت مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔ آپ جلد سے جلد اپنی درخواستیں پیش کریں۔
دفتر میں ، آپ کی درخواستیں عدالتی مددگار کے ذریعہ ریکارڈ کی جائیں گی اور فیملی جج کے سامنے پیش کی جائیں گی۔
آپ کو درخواست کی پیشگی تیاری کرنا ہوتی ہے۔ یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ واقعتا کیا ہوا اور ، اگر ممکن ہو تو ، ثبوت فراہم کریں (جیسے فوٹو ، میڈیکل سرٹیفکیٹ)۔ روزمرہ کی زندگی میں آپ کا جہاں آنا جانا ہوتا ہے اس کا ایک نوٹ بنائیں۔ آپ ان مقامات کے لئے رابطہ اور نزدیک آنے پر ممانعت کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

**تشدد سے بچاؤ کی درخواستوں کے لیے آپ کو اپنے ساتھ کیا لانا چاہئے؟**

- شناختی کاغذات
- اگر دستیاب ہو تو پولیس کا سرٹیفکیٹ کہ رپورٹ درج کرائی گئی ہے
- اپارٹمنٹ سے بے دخل کرنے کا پولیس کا تصدیق نامہ
- زخموں سے متعلق میڈیکل سرٹیفکیٹ
- اگر ممکن ہو تو ، گواہوں کے پتے اور حلف نامے
- گھر سے بیدخلی کی صورت میں کرائے کا معائدہ
- تشدد کرنے والے کا موجودی پتہ

## قانونی دائرہ کار

### درخواست جمع کروانے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

فیملی جج کے پاس فیصلہ کرنے کے لئے تین طریقے ہیں:

- فیملی جج آپ کی درخواست پر فوری فیصلہ کرےگا/گی۔ آپ کو اسی دن فیصلہ موصول ہوگا یا اگلے کچھ دنوں میں یہ ڈاک کے ذریعہ بھیج دیا جائے گا۔ مقامی عدالت کے ذریعہ تشدد کرنے والےشخص کو فیصلے سے آگاہ کیا جاتا ہے۔
- فیملی جج تشدد کرنے والے شخص کو سب سے پہلے پوسٹ کے ذریعے تحریری طور پر سنتا/سنتی ہے اور کچھ دن بعد فیصلہ کرتا /کرتی ہے۔
- فیملی جج 2-4 ہفتوں کے بعد ملاقات کا وقت طے کرتا/کرتی ہے۔ آپ کو ،تشدد کرنے والےشخص اور ممکنہ طور پر گواہان کو مدعو کیا جائے گا۔ آپ کو ڈاک کے ذریعہ بلاوا مل جائے گا۔ اگر تشدد کردہ فرد کے ساتھ عدالت میں مشترکہ تاریخ پڑتی ہے تو ، مناسب ہے کہ قانونی نمائندہ (وکیل) کی مدد حاصل کی جائے۔

## فیصلہ

ایک عدالتی کارندہ عدالت کےحکم کے بعد تشدد کرنے والے شخص کو اپارٹمنٹ سے بے دخل کر سکتا ہے۔
کارندہ کے بارے میں ضلعی عدالت کے استقبالیہ پر موجود منتظم سے پوچھیں۔ وہاں آپ کو اپنی رہائش گاہ کے لئے ذمہ دار عدالتی کارندہ سے رابطے کی تفصیلات موصول ہوں گی۔

## اہم

اگر آپ نے عدالت میں درخواست جمع کرواچکے ہیں اور ابھی تک عدالتی فیصلہ نہیں ہوا ہے تو پولیس آپ کے موجودہ بے دخلی کے حکم میں مزید 14 دن کا اضافہ کر سکتی ہے۔

اگر تشدد کرنے والا شخص عدالتی فیصلہ پر عمل نہیں کرتا ہے تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟

اگر تشدد کرنے والا فرد، رابطہ اور قریب آنے کی پابندی کے فیصلے پر عمل نہیں کرتا ہے تو وہ شخص جرم کا ارتکاب کرتا ہے۔

آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت پولیس کو کال کر سکتے ہیں/ یا شکایت کی رپورٹ درج کرا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ عدالت کو بھی آگاہ کریں جس نے تشدد کے بعد فیصلہ لیا تھا۔ آپ فیملی کورٹ میں جرمانہ یا تحویل میں لینے کے حکم کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔



Foto: AdobeStock©bluedesign

## بچے

### آپ کے بچوں کا کیا ہوگا؟

تشدد سے تحفظ ایکٹ کے تحت کیے گئے اقدامات )بچوں کی) تحویل یا ملنے جلنے کے حقوق پر اثر انداز نہیں ہو تے ہیں۔ کنبے میں تشدد کا سامنا کرنا بچوں پر بہت دباؤ ڈالتا ہے۔ یہ اس وقت بھی لاگو ہوتا ہے جب بچوں کو خود نہیں پیٹا جاتا، بلکہ اس کی بجائے وہ اپنے والدین میں سے کسی کے خلاف تشدد کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ لہذا ، براہ کرم ابتدائی مرحلے میں اپنے اور اپنے بچوں کے لئے مشورے اور مدد حاصل کریں۔

**والدین ، بچوں اور نو جوانوں کے لئے مشورے کا مرکز**
**des Kreises Groß-Gerau**
Darmstädter Straße 88, 64521 Groß-Gerau
06152 7898 / erziehungsberatung@kreisgg.de

**تعلیم و تربیت ، نوجوانوں اور منشیات کے بارے میں مشورے**
**des Kreises Groß-Gerau - Südkreisberatungsstelle**
Stahlbaustraße 4, 64560 Riedstadt-Goddelau
06158 915766 / erziehungsberatung@kreisgg.de

**Allgemeiner Sozialer Dienst Kreis Groß-Gerau**
Wilhelm-Seipp-Str. 4, 64521 Groß-Gerau
06152 989-552, -502 / asd@kreisgg.de

**Allgemeiner Sozialer Dienst Stadt Rüsselsheim**
Mainstraße 7, 65428 Rüsselsheim am Main
06142 832143 / soziale.dienste@ruesselsheim.de

**تعلیم و تربیت اور جوڑوں کے لیے مشاورت**
**Caritaszentrum Kelsterbach**
Walldorfer Str. 2 B (1. Stock), 65451 Kelsterbach
069 20 000 445
erziehungsberatung-kelsterbach@cv-offenbach.de

**Caritaszentrum Rüsselsheim**
Virchowstr. 23, 65428 Rüsselsheim
06142 409670
caritaszentrum-dicker-busch@cv-offenbach.de

**Deutscher Kinderschutzbund**
**Kreisverband Groß-Gerau e.V.**
64521 Groß-Gerau
06152 9793050
beratungsstelle@ksbgg.de / www.ksbgg.de

## مشاورت

### آپ مشورے اور مدد کہاں سے حاصل کرسکتے ہیں؟

مشورے کے مراکز آپ کو فراہم کرتے ہیں:

- تشدد کے خلاف تحفظ کے لیے درخواستوں کے بارے میں معلومات اور مدد
- دیگر قانونی امور سے متعلق معلومات (فوجداری پرچہ کا اندراج ، رسائی اور تحویل کے حقوق ، رہائش کا حق ، وغیرہ)
- وکلأ کے پتے

مشورہ دینے والےآپ کے تجربہ کی روشنی میں حالات کا بہتر مقابلہ کرنے اور نئے نقطہ نظر کو فروغ دینے کے لئے آپ کی مدد کرتے ہیں۔ ہم آپ کے ساتھ اس پر سوچ بچار کریں گے کہ آپ خود کو مزید تشدد سے بچانے کے لئے کیا کرسکتے ہیں۔ آپ کے لیےمشاورت بلا معاوضہ ہے اور ، اگر آپ چاہیں تو ،

پوشیدہ رہیں، ضرورت محسوس کریں تو مترجم کو بلایا جاسکتا ہے۔

## رابطے

تشدد کرنے اور تشدد سے متاثرہونے والے خواتین اور حضرات کے لئے مشاورتی مراکز کے نام ، پتے ، ٹیلیفون نمبر اور ای میل

**Diakonisches Werk**
**مردوں کے لیے مشورے**
Schulstrasse 17, 64521 Groß-Gerau
06152 1726810

**تشدد کے خلاف خواتین کے لیے مددگار لائن**
08000 116 016
**ای میل اور بات چیت(chat) کے ذریعے مشورہ**
www.hilfetelefon.de

**فعال مشورہ Groß-Gerau und Rüsselsheim**
**Frauen helfen Frauen e.V. -**
**خواتین کے مشاورتی مراکز / خواتین کے دارلامان**
Gernsheimerstr. 56a, 64502 Groß-Gerau
06152 80000
info@frauenberatung-gg.de

آڈر دینے کا پتہ:
Der Kreisausschuss des Kreises Groß-Gerau
Büro für Frauen und Chancengleichheit
Wilhelm-Seipp-Straße 4 | 64521 Groß-Gerau
Telefon 06152 989 563
bfc@kreisgg.de
www.kreisgg.de

دوستانہ تعاون کے ساتھ
از طرف Frauenreferat der Stadt Frankfurt am Main